مدد کرنا ہے جو مخالفین اسلام پھیلا رہے ہیں۔ رسالہ "برہان" اسی مجلس کی طرف سے جاری کیا گیا ہے اور یہ دیکھ کر مسرت ہوتی ہے کہ اس رسالہ نے ہماری زبان میں ایک بلند پایہ علمی و دینی رسالہ کا اضافہ کیا ہے۔ مضامین اور ظاہری شان دونوں کے اعتبار سے اس کا معیار بلند ہے اور ہمیں توقع ہے کہ جہاں تک مضامین کا تعلق ہے اس کے معیار کو اور زیادہ بلند کیا جائے گا

چنگاری | مرتبہ جناب سجاد ظہیر صاحب۔ چندہ سالانہ تین روپے۔ منیجر صاحب رسالہ چنگاری سہارنپور سے طلب کیا جائے۔

یہ سوشلسٹ جماعت کا پرچہ ہے جس کے ایڈیٹوریل بورڈ میں ڈاکٹر اشرف، سوہن سنگھ جوش، فیروز الدین منصور، ہرکشن سنگھ سرجیت صاحبان اور چند دیگر حضرات شامل ہیں۔ اس میں سوشلزم کے نظریات اور ہندوستان کے سیاسی احوال پر سوشلسٹ نقطۂ نظر سے تبصرے اور اسی نوعیت کے افسانے شائع ہوتے ہیں۔ اکثر مضامین ان مردوں اور خواتین کے لکھے ہوئے ہوتے ہیں جو نام کے لحاظ سے ابھی تک مسلمانوں کی جماعت میں شامل ہیں۔ ہم اپنے ناظرین کو اس رسالہ کے مطالعہ کا مشورہ دیں گے تاکہ وہ سوشلزم کو سمجھ سکیں اور اس کی روح سے بھی واقف ہو جائیں۔

آسان قاعدہ | تالیف جناب اے ایچ قریشی ایم اے۔ قیمت ۲؍ - اسٹینڈرڈ ایجوکیشنل کمپنی پٹھان کوٹ۔

یہ قاعدہ جدید سائنٹیفک طریقہ سے اردو زبان کی نوشت و خواند سکھانے کے لیے تیار کیا گیا ہے اور مصنف کا دعوےٰ ہے کہ اس طریق تعلیم سے بالغ طلبہ پندرہ روز میں اردو کی آسان کتابیں پڑھنے کے قابل ہو سکتے ہیں جو لوگ ابتدائی تعلیم کے کام سے دلچسپی رکھتے ہیں انہیں اس کا تجربہ کرنا چاہیئے۔